eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

NATIONAL SENIOR CERTIFICATE EXAMINATION
NOVEMBER 2019

URDU SECOND ADDITIONAL LANGUAGE: PAPER I

Time: 2 hours | 100 marks

PLEASE READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY

1. This question paper consists of 10 pages. Please check that your question paper is complete.
2. Read the questions carefully and follow all instructions.
3. Start each question on a new page. Answer both Sections A and B.
4. Leave a line open between answers.
5. All answers must be in URDU.
6. Strike out all rough work.
7. It is in your own interest to write legibly and to present your work neatly.

---

eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

SECTION A

QUESTION 1 COMPREHENSION

سوال نمبر ۱: کہانی

اگلے دن میری والدہ، میرے والد اور میں بازار گئے۔ ہم نے پھل، سبزیاں، نمک، صابون اور ایک جھاڑو خریدا۔ ہم نے اپنے والد کے لیے چند موزے اور والدہ کے لیے نئی ساڑھی خریدی۔ اس کے بعد ہم نے لذیذ کلفیاں اور فالودہ کھایا۔ جب ہم بازار سے نکل رہے تھے۔ تو ایک غبارے بیچنے والا نظر آیا۔ میری والدہ نے میرے لیے تین بڑے غبارے خریدے۔ وہ بہت پیارے تھے۔ میں نے گھر آکر ان کی ڈوریاں اپنی چارپائی سے باندھ دیں۔ یہ بہت اچھا دن تھا۔ میں چاہتی ہوں کہ میں اپنے گیٹ کو بار بار روغن کروں۔

— میری والدہ بہت سی چیزیں جانتی ہیں۔ جو کچھ ہم اسکول میں سیکھتے ہیں وہ سب اُن کو آتا ہے۔ ان کو تفریق اور ضرب کرنا آتا ہے ان کو معلوم ہے کہ مچھلی کی ٹانگیں نہیں ہوتیں اور شام کے وقت سورج کہاں جاتا ہے۔ اُنھیں قسطنطنیہ کے بارے میں بھی معلوم ہے اور وہ اس مُشکل لفظ کے ہجّے بھی جانتی ہیں۔لیکن صرف ایک بار جب میں نے پوچھا کہ ”ہوائی جہاز گرتا کیوں نہیں“ تو انھوں نے کہا تھا ”یہ بات تمھارے والد بتائیں گے۔ اُن سے پوچھو“ میرے والد نے ہوائی جہازوں دیکھیے بینی۔

سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ۔ کراچی

سوال نمبر ۲ جواب لکھیئے

۱. اگلے دن کیا ہُوا تھا؟ (1)

۲. صابُون اور جھاڑو کیوں خریدا تھا؟ (1)

Downloaded from eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

۳. امّی جان نئی ساڑی کب استعمال کریں گی؟ (1)

۴. بچّے نے غبّارے کہاں باندھ دیئے تھے؟ (1)

۵. امّی جان کونسے لفظ سے بچّے جانتی ہیں؟ (1)

۶. ہوائی جہاز کیا ہے؟ (1)

سوال نمبر ۲ ذیل الفاظ کو جملوں میں لکھیئے۔

۱. لڑیز (1)

۲. معلوم (1)

۳. روغن (1)

۴. سورج (1)

سوال نمبر ۳ جمع میں لکھیئے۔

۱. والد (1)

۲. بازار (1)

۳. موزہ (1)

۴. وقت (1)

سوال نمبر ۴ جملوں کے سوال لکھیئے۔

۱. غبارے بہت پیارے تھے۔ (1)

۲. میری ماں کو سب کچھ آتا ہے۔ (1)

۳. یہ بات میرے والد بتائیں گے۔ (1)

۴. بازار میں بہت لوگ سامان خریدتے تھے۔ (1)

سوال نمبر ۵ ایک ایک پیراگراف لکھیئے: (۶-۸ لائن)۔

۱. بازار میں بہت بھیڑ ہوتی ہے؟ (6)

۲. ہمارا خاندان۔ (6)

[30]

Downloaded from eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

QUESTION 2 PICTURE

سوال نمبر ۲ : تصویر

جواب لکھیے۔

شوکت علی اپنے دوست کے ساتھ بازار جا رہا تھا۔
اچانک اُس کی نظر ایک کالے رنگ کے بٹوے پر پڑی۔
کھول کر دیکھا تو اِس میں بہت پیسے تھے۔
پھر کیا ہُوا ؟ ایک مضمون لکھیے۔
(۸-۱۰ لائن)۔

[10]

Downloaded from eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

QUESTION 3 GRAMMAR

سوال نمبر ۳: گرامر

پڑھیے:

میرا نام جاوید ہے۔ میں تیسری جماعت میں پڑھتا ہوں۔ میرا گھر شہر میں بازار کے قریب ہے۔ مجھے اپنے گھر میں بازار کا سارا شور و غل سُنائی دیتا ہے۔ میں اِس شور اور ہنگامے سے کبھی کبھی گھبرا جاتا ہوں۔ کیوں کہ اِس شور کی وجہ سے میں سُکون سے پڑھ نہیں سکتا۔ چھٹیوں میں جَب میں گاؤں جاتا ہوں تو مجھے وہاں کی زندگی پُرسُکون لگتی ہے۔ وہاں کی تازہ ہَوا، ہرے بھرے کھیت اور سر سبز باغات عجیب سماں پیدا کرتے ہیں۔

دو مہینے پہلے کی بات ہے۔ دُوسری جماعت کا امتحان دینے کے بعد میں اپنے ماموں جان کے پاس گاؤں چلا گیا۔ اِس بار ماموں جان بہت پریشان نظر آرہے تھے۔ میں نے اپنے ماموں زاد بھائی رشید سے پوچھا تو پتا چلا کہ ماموں جان سَیلاب کی وجہ سے پریشان ہیں۔ آس پاس کے کئی گاؤں سیلاب کی وجہ سے تباہ ہو گئے تھے۔ بہت سے لوگ جن کے گھر سَیلاب میں بہ گئے تھے ماموں جان کے گاؤں میں پناہ لینے آرہے تھے۔

اِن لوگوں کی حالت دیکھ کر میرا دِل بھر آیا۔ اُن کے بچّے کھُلے آسمان کے نیچے پھٹے پُرانے کپڑے پہنے پڑے ہوئے تھے۔ مجھ سے اُن کی یہ حالت دیکھی نہ گئی۔ میں دوڑا دوڑا گھر آیا اور اپنی دو قمیضیں اور ایک چادر لے کر اُن لوگوں کے گھر گیا۔

(پنجاب بک بورڈ۔ لاہور)

جواب لکھیے:

سوال نمبر ۱

واحد اور جمع میں لکھیے:

۱۔ شہر کی جماعت (1)

۲۔ ہرے بھرے کھیت (1)

۳۔ باغات (1)

Downloaded from eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

سوال نمبر ۲ جواب لکھیئے۔

۱. جاوید کا گھر کہاں ہے؟ (1)

۲. جاوید کیوں گھبرا جاتا ہے؟ (1)

۳. گاؤں میں ماموں جان کیوں پریشان تھے؟ (1)

۴. لوگ ماموں جان کے گاؤں میں کیوں پناہ لینے آئے تھے؟ (1)

۵. جب جاوید نے لوگوں کی حالت دیکھی تو اُس نے کیا کیا تھا؟ (1)

سوال نمبر ۳ ذیل الفاظ غلط ہیں: صحیح کر کے لکھئے۔

۱. کریب ہے میرا گھر۔ (1)

۲. صکوں مِلی گی۔ (1)

۳. ھرے بھرے کھیتے۔ (1)

۴. لوگو کی پالت دیکھی اور دل بھر لیا۔ (1)

سوال نمبر ۴ جملے پورے کیجئے۔

۱. پرانے پھٹے کپڑے اِس لئے پہنتے تھے کیونکہ ______ ۔ (1)

۲. شور کی وجہ سے میں پڑھ نہیں سکتا اِس لئے ______ ۔ (1)

۳. جاوید کا دِل بھر آیا کیونکہ ______ ۔ (1)

سوال نمبر ۵ پیراگراف لکھیئے۔

۱. سیلاب کا نقصان۔ (5)

(۵-۶) لائن۔

[20]

60 marks

Downloaded from eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

SECTION B PRESCRIBED TEXT — سوال نمبر ۴ نظم

QUESTION 4 POETRY

ابّوجان

بہت ہی اچھّے ہیں انسان
ہمارے پیارے ابّو جان

ہم اُن کی کرتے ہیں عزّت — ہم اُن کی کرتے ہیں خدمت
ہمارے حق میں ہیں رحمت — خدا کا ایک بڑا اِحسان
ہمارے پیارے ابّوجان

بتاتے ہیں لے کر نام — بھلائی کے، نیکی کے کام
بتاتے ہیں، کیا ہے اِسلام؟ — بتاتے ہیں کیا ہے اِیمان؟
ہمارے پیارے ابّوجان

LINE: 9 نمازیں روز پڑھاتے ہیں — دُعائیں روز سِکھاتے ہیں
LINE: 10 ہمیں ہر روز بتاتے ہیں — بدی اور نیکی کی پہچان
ہمارے پیارے ابّو جان

کھلونے، بِسکٹ، پھل، میوے — ہمیں دیتے ہیں لا لا کے
غرض کردیتے ہیں پورے — ہمارے سارے ہی ارمان
ہمارے پیارے ابّو جان
ہمارے پیارے ابّو جان

حالی

Downloaded from eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

سوال نمبر ۱

جواب لکھیئے۔ ابوجان

۱. ابو جان بچوں کو کیا کیا سکھاتے اور بتاتے ہیں؟ (2)

۲. بازار سے ابوجان کیا کیا لاتے ہیں؟ (2)

۳. بچوں کے ارمان کو وہ کیا کرتے ہیں؟ (2)

۴. بچوں ابوجان کی کیوں عزت کرتے ہیں؟ (2)

سوال نمبر ۲

اشعار کی معنی لکھیئے۔

LINE 9 ۱. نمازیں روز پڑھاتے ہیں دعائیں روز سکھاتے ہیں

LINE 10 ۲. بھلی ہر روز بتاتے ہیں بری اور نیکی کی پہچان

(4)

سوال نمبر ۳

پیراگراف لکھیئے۔ (۸-۱۰ لائن)۔

دنیاں میں سب سے بہترین انسان ہمارے ابوجان ہے۔ (8)

[20]

Downloaded from eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

QUESTION 5 SHORT STORY

سوال نمبر ۵ کسان

۲ کسان کے بیٹے

پڑھیے

ایک کسان تھا۔ اُس کے چار بیٹے تھے۔ وہ بڑے محنتی تھے۔ لیکن آپس میں ہمیشہ لڑتے رہتے تھے۔ کسان اِس بات سے بہت فکر مند رہتا تھا۔ اُس نے بیٹوں کو بہت سمجھایا، لیکن کوئی فائدہ نہیں ہُوا۔

ایک دِن کسان نے ایک ترکیب سوچی۔ اُس نے چار لکڑیاں لیں۔ اِنھیں باندھ کر ایک گٹھّا بنایا۔ اُس نے اپنے بیٹوں سے کہا۔ "تم لوگوں میں سے لکڑیوں کے اِس گٹھّے کو کون توڑ سکتا ہے۔؟"

ہر بیٹے نے گٹھّا پکڑا اور توڑنے کی کوشش کی۔ بہت زور لگایا لیکن کسی سے گٹھّا نہ ٹوٹا۔ اب کسان نے گٹھّا کھول دِیا۔ ہر بیٹے کو ایک ایک لکڑی دی اور کہا۔ "اب تُمھارے ہاتھ میں ایک ایک لکڑی ہے۔ دیکھیں اِس کو کون توڑ سکتا ہے؟"

ہر ایک نے اپنی اپنی لکڑی آسانی سے توڑ دی۔ کسان نے پوچھا۔ بچّو! اِس بات سے تُمھیں کیا نصیحت مِلتی ہے؟" بڑے بیٹے نے کہا۔ "آج ہم نے اِتحاد کی طاقت دیکھ لی۔ آج سے ہم تینوں بھائی مِل جُل کر رہیں گے۔ ہم آپس میں کبھی لڑائی جھگڑا نہیں کریں گے۔"

کسان یہ سُن کر بہت خوش ہُوا۔

[سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ۔ کراچی]

Downloaded from eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

سوال نمبر ۵ : کہانی ۔

نمبر ۱ جواب لکھیے ۔

(1) ۱. کسان کیوں فکرمند رہتا تھا؟

(1) ۲. آپس میں چار بیٹے کیوں ایک دوسرے سے لڑتے تھے؟

(1) ۳. کسان کی ترکیب کیا تھی؟

(1) ۴. لڑکے گٹھا کیوں نہ توڑ سکے؟

نمبر ۲

ذیل جملے غلط ہیں ۔ صحیح کر کے لکھیے ۔

(1) ۱. آپس میں چار بیٹے محبت سے رہتے تھے ۔

(1) ۲. کسان کی عورت نے ایک ترکیب سوچی ۔

نمبر ۳ الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے ۔

(1) ۱. فائدہ

(1) ۲. کوشش

(1) ۳. آسانی

(1) ۴. فکرمند

نمبر ۴ ایک ایک پر پیراگراف لکھیے ۔ (۶-۸ لائن) ۔

(5) ۱. یہ کہانی آپ کو کیا سبق دیتی ہے ۔

(5) ۲. کسان کیوں فکرمند رہتا تھا؟

[20]

40 marks

Total: 100 marks

Downloaded from eduresourceza.com